[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

BILL

further to amend the Pakistan Climate Change Act, 2017

WHEREAS it is expedient to amend the Pakistan Climate Change Act, 2017 (X of 2017), in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.**— (1) This Act shall be called the Pakistan Climate Change (Amendment) Act, 2026.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 2, Act X of 2017.**— In the Pakistan Climate Change Act, 2017 (X of 2017), hereinafter referred to as the said Act, in section 2, after clause (d), the following new clause shall be inserted, namely:-

"(da) "Division concerned" means the Division to which the business of this Act stands allocated;".

3. **Amendment of section 3, Act X of 2017.**— In the said Act, in section 3,-

(a) in sub-section (1),-

(i) in clause (a),–

(A) for the word "agriculture", the word "industry" shall be substituted; and

(B) for the word "and", occurring for the sixth time, comma shall be substituted and after the words "foreign affairs", the words "and health" shall be inserted;

(ii) after clause (b), the following new clauses shall be inserted, namely:-

"(ba) Prime Minister of the State of Azad Jammu and Kashmir;

(bb) Chief Minister, Gilgit-Baltistan;";

(iii) for clause (d), the following shall be substituted, namely:-

"(d) fifteen non-officials, as the Prime Minister may appoint, including renowned climate experts, scientists, researchers, educationists, and representatives of private sector;";

(b) sub-section (2) shall be omitted; and

(c) for sub-section (5), following shall be substituted, namely:-

"(5) The Council shall hold meetings as and when necessary, but not less than one meeting in a year".

4. **Amendment of section 4, Act X of 2017.**— In the said Act, in section 4, in sub-section (1),-

(a) for clause (b), the following shall be substituted, namely:-

"(b) monitor implementation of comprehensive adaptation and mitigation policies and other measures to meet Pakistan's obligations under international conventions and agreements relating to climate change as specified in the Schedule;

(b) in clause (c), the expression ", supervise" shall be omitted;

(c) clause (d) and (e) shall be omitted; and

(d) for clause (f), the following shall be substituted, namely:-

"(f) approve guidelines for the protection and conservation of forests, species, habitats, and biodiversity in general adversely affected or threatened by climate change; and".

5. Amendment of section 6, Act X of 2017.— In the said Act, in section 6,-

(a) for sub-section (1),the following shall be substituted, namely:-

"(1) The Authority shall comprise of–

(a) the Chairperson;
(b) Member (Adaptation);
(c) Member (Mitigation);
(d) Member (Climate Finance);
(e) Member (Coordination);
(f) representative not below the rank of BS-21 of the Division concerned to be nominated by the Federal Minister-in-charge allocated with subject of climate change; and
(g) one member from each province including State of Azad Jammu and Kashmir and Gilgit Baltistan to be nominated by their respective Ministers-in-charge of each territory allocated with subject of environment:

(b) for sub-section (2), the following shall be substituted, namely:-

"(2) The Chairperson and Members of the Authority shall be appointed by the Prime Minister for a term of two years, which may be extended for a further period not exceeding two years, in increments of one year at a time, on such terms and conditions as the Prime Minister may deem fit, keeping in view their qualifications and experience:

Provided that the term of office of the incumbent Chairperson and Members shall be governed by the provisions of this section:

Provided further that where, on the commencement of the Pakistan Climate Change (Amendment) Act, 2026 (Act No. of 2026), incumbent Chairperson or a Member has completed a term of two years, such incumbent shall continue to hold office for a period of ninety days from the

date of such commencement, unless extended by the Prime Minister in accordance with this section.

(c) for sub-section (3), the following shall be substituted, namely:-

"(3) The qualification, eligibility and experience of the Chairperson and members of the Authority shall be prescribed by regulations.";

6. **Amendment of section 8, Act X of 2017.**— In the said Act, in section 8,-

(a) in sub-section (1),-

(i) for clauses (a), (b) and (c) the following shall be substituted, namely:-

"(a) assist and support the Division concerned in formulation of comprehensive climate change adaptation and mitigation policies, plans including Technology Action Plan, programmes, strategies including low carbon green growth strategy, projects and measures designed to address the effects of climate change and meet Pakistan's obligations under international conventions and agreements relating to climate change as specified in the Schedule;

(b) assist and support the Division concerned in establishing institutional and policy mechanisms for implementation of Federal and provincial climate change adaptation and mitigation policies, plans, programmes, projects and measures, including plans for renewable energy and clean technology measuresfor energy efficiency and energy conservation and awareness-raising and capacity-building programmes;

(c) assist and support the Division concerned and the provinces in preparing suitable adaptation and mitigation projects for submission to a wide range of international and local funding sources, including general funding opportunities as well as specialized climate funds, development banks, bilateral aid agencies, foundations and private sector investors;";

(b) clauses (d), (e) and (f) shall be omitted;

(c) for clause (g), the following shall be substituted, namely:-

"(g) assist and support the Division concerned in preparation of the National Climate Change Report for consideration of the Council;";

(d) clause (h) shall be omitted;

(e) for clause (i), the following shall be substituted, namely:-

"(i) assist and support the Division concerned in formulation of guidelines for the protection and conservation of forests, species, habitats, and biodiversity in general which are adversely affected or threatened by climate change;";

(f) in clause (j), for the word "preparedness", the word "resilience" shall be substituted;

(g) clauses (k), (l) and (m) shall be omitted;

(h) for clause (n), the following shall be substituted, namely:-

"(n) prepare policy papers and concept notes and provide technical input to the Division concerned for formulating national positions for international conferences or negotiations;";

(i) for clause (o), the following shall be substituted, namely:-

"(o) coordinate with specialized research institutions to carry out research on current and emerging issues of climate change, and disseminate the findings to support formulation of policies, plans and measures;

(j) in clause (p), the words "education and" shall be omitted;

(k) clause (q) shall be omitted.

(l) for clause (r), the following shall be substituted, namely:-

"(r) assist and support the Division concerned in designing programmes which provide incentives to reduce emissions from deforestation and degradation;";

(m) for clause (s), the following shall be substituted, namely:-

"(s) assist and support the Division concerned to mobilize resources for the purposes of achieving the objects and purposes of this Act;"; and

(n) after sub-section (3), the following new sub-section shall be added, namely:-

"(4) The Authority shall, whenever required, provide assistance and support to the Division concerned in the performance of its functions relating to climate change.".

7. **Amendment of section 11, Act X of 2017.**— In the said Act, in section 11, -

(a) in sub-section (1), in clause (b), for the word "Government", the words "Division concerned" shall be substituted; and

(b) in sub-section (2), for the word "Chairperson", the words "Federal Minister-in-Charge concerned" shall be substituted.

STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Pakistan is among the countries most vulnerable to the adverse impacts of climate change. According to globally recognized assessments such as the Global Climate Risk Index, Pakistan has consistently ranked among the top ten countries most affected by climate change over the past two decades, owing to increased frequency and intensity of floods, droughts, heat waves, and other extreme weather events.

2. Pakistan Climate Change Act, 2017 was enacted to provide a comprehensive legal and institutional framework for climate governance, including the establishment of the Pakistan Climate Change Council and the Pakistan Climate Change Authority (PCCA). Accordingly, Climate Change Authority was established in 2024. However, during implementation, overlaps and duplication of functions has been observed between Ministry of Climate Change & Environmental Coordination (MoCC&EC) and PCCA, particularly in the areas of policy formulation, coordination, and implementation.

3. Moreover, Pakistan is also a Party to key international environmental agreements, including United Nations Framework Convention on Climate Change (UNFCCC), Kyoto Protocol and Paris Agreement, which it has ratified. MoCC&EC is further engaged with other relevant global frameworks relating to biodiversity, desertification, and sustainable development. These international commitments require a coherent institutional mechanism for effective implementation, reporting, and compliance.

4. In light of the foregoing, the proposed amendments seek to remove duplication and clearly define the roles and responsibilities of MoCC&EC and PCCA by:

i. Reaffirming the central role of the Division concerned in policy formulation, coordination, and international representation;
ii. Redefining PCCA as a technical, advisory, and implementation support body;
iii. Omitting redundant provisions and streamlining functions to improve institutional efficiency;
iv. Strengthening coordination with provinces and other stakeholders; and
v. Introducing the composition, qualifications, and appointment of members of PCCA to ensure induction of relevant expertise.

5. The proposed amendments shall also update the functional scope of the Authority to focus on providing assistance and support to the Division concerned, as reflected in the revised provisions of the Act, thereby ensuring clarity of mandate and avoiding duplication of roles.

6. The proposed amendments are, therefore, aimed at enhancing institutional effectiveness, improving governance, and enabling Pakistan to better meet its national priorities and international obligations in the field of climate change.

Dr. Musadik Masood Malik
Federal Minister for Climate Change
and Environmental Coordination

[قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے لئے]

8

پاکستان موسمیاتی تبدیلی ایکٹ، ۲۰۱۷ء میں
مزید ترمیم کرنے کا ایکٹ

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلی ایکٹ، ۲۰۱۷ء (۱۰ بابت ۲۰۱۷ء) میں، ایسے طریقہ کار سے اور بعدازیں رونما ہونے والی اغراض کے لیے ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ پاکستان موسمیاتی تبدیلی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۶ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ ۱۰ بابت ۲۰۱۷ء کی، دفعہ ۲ کی ترمیم:۔** پاکستان موسمیاتی تبدیلی ایکٹ، ۲۰۱۷ء (۱۰ بابت ۲۰۱۷ء) میں، بعدازیں جس کا حوالہ مذکورہ ایکٹ کے طور پر دیا گیا ہے، کی دفعہ ۲ میں، شق (د) کے بعد، حسب ذیل نئی شق کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(دالف) ''متعلقہ ڈویژن'' سے ڈویژن جسے ایکٹ کے امور تفویض کیے گئے ہوں، مراد ہے؛''

۳۔ **ایکٹ ۱۰ بابت ۲۰۱۷ء کی، دفعہ ۳ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۳ میں،۔

(الف) ذیلی دفعہ (۱) میں،۔

(اول) شق (الف) میں،۔

(الف) لفظ ''زراعت'' کو لفظ ''صنعت'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(ب) لفظ ''اور''، چھٹی مرتبہ آنے پر، سکتہ کو تبدیل کر دیا جائے اور لفظ ''اُمور خارجہ'' کے بعد الفاظ ''اور صحت'' کو شامل کر دیا جائے گا؛

(دوم) شق (ب) کے بعد، حسب ذیل نئی شقات کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(ب الف) ریاست آزاد جموں و کشمیر کا وزیر اعظم؛

8

(ب ب)　　وزیراعلیٰ گلگت بلتستان؛''؛

(سوم) شق (د)، کوحسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(د) پندرہ غیر سرکاری، جیسا کہ وزیر اعظم تقرر کرے، جس میں شہرت یافتہ موسمیاتی ماہرین، سائنسدان، محققین، ماہر تعلیم اور نجی شعبے کے نمائندے شامل ہیں؛''؛

(ب) ذیلی دفعہ (۲) کو حذف کر دیا جائے گا؛ اور

(ج) ذیلی دفعہ (۵) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(۵) کونسل جیسے اور جب ضروری ہو اجلاس منعقد کر سکے گی، لیکن سال میں ایک اجلاس سے کم نہ ہوگا۔''

۴۔ ایکٹ ۱۰ بابت ۲۰۱۷ء کی، دفعہ ۴ کی ترمیم:۔ مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۴ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں،۔

(الف) شق (ب) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(ب)　　موسمیاتی تبدیلی سے متعلق بین الاقوامی معاہدات اور اقرارناموں کے تحت، جیسا کہ جدول میں صراحت کیا گیا ہے، جامع تطبیقی و تخفیفی پالیسیوں کے اطلاق کی نگرانی اور دیگر اقدامات، تاکہ پاکستان کی ذمہ داریوں کو پورا کیا جا سکے؛

(ب) شق (ج) میں، عبارت ''نگرانی'' کو حذف کر دیا جائے گا؛

(ج) شق (د) اور (ہ) کو حذف کر دیا جائے گا، اور

(د) شق (و) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(و) عموماً موسمیاتی تبدیلی سے مخالفانہ طور پر متاثرہ اور شدید خطرے میں پائے جانے والے جنگلات، ذی حیات، اُن کے مسکن اور حیاتیاتی تنوع کے تحفظ اور بقاء کے لیے رہنما اصولوں کی منظوری؛ اور''؛

8

۵۔ ایکٹ ۱۰ بابت ۲۰۱۷ء کی، دفعہ ۶ کی ترمیم:۔ مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۶ میں،۔

(الف) ذیلی دفعہ (۱) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(۱) اتھارٹی حسب ذیل پر مشتمل ہوگی۔

(الف) چیئر پرسن؛

(ب) رکن (تطبیق)؛

(ج) رکن (تخفیف)؛

(د) رکن (موسمیاتی مالی اعانت)

(ہ) رکن (ربط دہی)

(و) وفاقی وزیر انچارج جسے موسمیاتی تبدیلی کے اُمور تفویض کیے گئے ہوں کی جانب سے نامزد کردہ متعلقہ ڈویژن کا نمائندہ جو بی ایس۔۲۱ کے عہدے سے کم نہ ہو؛ اور

(ز) ہر ایک صوبے سے ایک رکن جس میں ریاست آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان شامل ہیں اُن کے علاقے کے متعلقہ وزیر انچارج جسے ماحولیات کے اُمور تفویض کیے گئے ہوں کی جانب سے نامزد کردہ:

(ب) ذیلی دفعہ (۲) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(۲) اتھارٹی کے چیئر پرسن اور ارکان کا تقرر وزیر اعظم کی جانب سے دو سالہ مدت کے لیے کیا جائے گا، جسے مزید مدت جو دو سال سے زائد نہ ہو کے لیے توسیع دی جا سکتی ہے، ہر بار ایک سال کے اضافے سے ایسی قیود و شرائط پر جیسا کہ وزیر اعظم، قابلیت اور تجربے کو مدنظر رکھتے ہوں، موزوں خیال کرے:

مگر شرط یہ ہے کہ موجودہ چیئر پرسن اور ارکان اس دفعہ کے احکامات کے تابع ہوں گے:

مزید شرط یہ ہے کہ جہاں، پاکستان موسمیاتی تبدیلی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۶ء (ایکٹ نمبر۔۔ بابت ۲۰۲۶ء) کے آغاز نفاذ پر، موجود چیئر پرسن یا رکن دو سال کی مدت پوری کریں گے، ایسا موجودہ عہدیدار مذکورہ آغاز نفاذ کی تاریخ سے نوے ایام کی مدت تک عہدے پر بدستور رہے گا تاوقتیکہ وزیر اعظم

اس دفعہ کی مطابقت میں توسیع نہ کردے۔

(ج) ذیلی دفعہ (۳)، حسب ذیل سے تبدیل کی جائے گی، یعنی:۔

''(۳) اتھارٹی کے سرپرست اعلیٰ اور اراکین کی استعداد، اہلیت اور تجربے کی ضوابط کے ذریعے صراحت کی جائے گی؛''۔

۶۔ ایکٹ ۱۰ بابت ۲۰۱۷ء کی، دفعہ ۸ کی ترمیم:۔ مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۸ میں،۔

(الف) ذیلی دفعہ (۱) میں،

(اول) شقات (الف)، (ب) اور (ج) حسب ذیل سے تبدیل کی جائیں گی، یعنی:۔

''(الف) متعلقہ ڈویژن کی جامع موسمیاتی موافقت کی پالیسیوں اور منصوبوں کی تخفیف اور تشکیل میں معاونت اور امداد کرنا بشمول کم کاربن سرسبز نشوونما کی حکمت عملی، منصوبے اور اقدامات جو موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لیے ڈیزائن کئے گئے ہوں اور بین الاقوامی معاہدوں اور کنونشنز کے تحت موسمیاتی تبدیلیوں سے متعلق پاکستان کی ذمہ داریوں کو پورا کرتے ہوں جیسا کہ جدول میں بیان کیا گیا ہے؛

(ب) وفاقی اور صوبائی موسمیاتی تبدیلیوں، موافقت اور تخفیف کی پالیسیوں، منصوبوں، پروگراموں، پروجیکٹس اور اقدامات کی عملداری کے لیے ادارہ جاتی اور پالیسی میکانزم کے قیام میں متعلقہ ڈویژن کی معاونت اور امداد کرنا بشمول قابل تجدید توانائی اور کلین ٹیکنالوجی کے منصوبے توانائی کی بچت اور توانائی کے تحفظ کے اقدامات اور بیداری پیدا کرنے اور صلاحیت سازی کے پروگراموں کے؛

(ج) متعلقہ ڈویژن اور صوبوں کی ایسی مناسب موافقتی منصوبے تیار کرنے اور تخفیف کرنے میں معاونت اور مدد کرنا جنہیں بین الاقوامی اور مقامی مالیاتی ذرائع کے سامنے پیش کیا جا سکے جن میں عمومی ماحولیاتی فنڈز، ترقیاتی بینکوں، دوطرفہ امدادی ادارے، فاؤنڈیشنز اور نجی [illegible]''

(ب) شقات (د)، (ہ) اور (و) حذف کی جائیں گی؛

(ج) شق (ز) حسب ذیل سے تبدیل کردی جائے گی، یعنی:۔

''(ز) کونسل کے غور وخوص کے لیے قومی موسمیاتی تبدیلی رپورٹ کی تیاری میں متعلقہ ڈویژن کی معاونت اور مدد کرنا؛''؛

(د) شق (ح) حذف کی جائے گی؛

(ہ) شق (اوّل) حسب ذیل سے تبدیل کی جائے گی، یعنی:۔

''(اول) متعلقہ ڈویژن کا جنگلات، انواع، مسکن اور حیاتیاتی تنوع کے تحفظ کے لیے رہنما اصول تشکیل دینے میں معاونت اور مدد کرنا جو عمومی طور پر موسمیاتی تبدیلی سے متاثر ہیں یا خطرے میں ہیں؛''؛

(و) شق (ی) میں لفظ ''تیاری'' لفظ ''لچک'' سے تبدیل کیا جائے گا؛

(ز) شقات (ک)، (ل) اور (م) حذف کی جائیں گی؛

(ح) شق (ن) حسب ذیل سے تبدیل کی جائے گی، یعنی:۔

''(ن) پالیسی پیپرز اور کیبنٹ نوٹس تیار کرنا اور بین الاقوامی کانفرنسوں یا مذاکرات کے لیے قومی موقف کی تشکیل کے لیے متعلقہ ڈویژن کو تکنیکی معاونت فراہم کرنا؛''؛

(ط) شق (س)، حسب ذیل سے تبدیل کی جائے گی، یعنی:

''(س) موسمیاتی تبدیلی کے رواں اور ظاہر ہونے والے مسائل پر تحقیق کرنے کے لیے خصوصی تحقیقی اداروں کے ساتھ اشتراک کرنا، اور پالیسیوں، منصوبوں اور اقدامات کی تشکیل کی تائید کے لیے تحقیقی نتائج کی نشر واشاعت کرنا؛

(ی) شق (ع) میں، الفاظ ''تعلیم اور'' حذف کر دیے جائیں گے؛

(ک) شق (ک) حذف کردی جائے گی۔

(ل) شق (ص) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(ص) متعلقہ ڈویژن کو جنگلات کی کٹائی اور انحطاط سے ہونے والے اخراج کے عمل میں کمی لانے کے لیے ترغیبات دینے والے پروگرام قریب کرنے معاونت اور تعاون فراہم کرنا؛''؛

(م) شق (ق) کوحسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(ق) متعلقہ ڈویژن کو اس ایکٹ کے اغراض و مقاصد کے حصول کے لیے وسائل منظم کرنے میں معاونت اور تعاون فراہم کرنا؛''؛اور

(ن) ذیلی دفعہ (۳) کے بعد، حسب ذیل نئی ذیلی دفعہ کا اضافہ کر دیا جائے گا؛ یعنی:

''(۴) اتھارٹی، جہاں کہیں درکار ہو، متعلقہ ڈویژن کو موسمیاتی تبدیلی سے متعلق اس کے کارہائے منصبی کی ادائیگی کے لیے معاونت اور تعاون فراہم کرے گی۔''۔

۷۔ ایکٹ ۱۰ بابت ۲۰۱۷ء کی، دفعہ ۱۱ کی ترمیم:۔ مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۱ میں،۔

(الف) ذیلی دفعہ (۱) کی شق (ب) میں، لفظ ''حکومت''، کو الفاظ ''متعلقہ ڈویژن سے'' تبدیل کر دیا جائے گا؛اور

(ب) ذیلی دفعہ (۲) میں، لفظ ''چیئرپرسن''، کو الفاظ ''متعلقہ وفاقی وزیر انچارج'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

بیان اغراض و وجوہ

پاکستان موسمیاتی تبدیلی کے نامساعد اثرات کے حوالے سے دنیا کے ان چند ممالک میں شامل ہے جو سب سے زیادہ اس خطرے سے دوچار ہیں۔ عالمی سطح پر مصدقہ جائزوں مثلاً عالمی موسمیاتی خطرات اشاریے کے مطابق، گزشتہ دو دہائیوں کے دوران سیلاب، خشک سالی، گرمی کی سخت لہر اور دیگر شدید موسمی واقعات کی بڑھتی ہوئی تعداد اور شدت کے باعث پاکستان مسلسل موسمیاتی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے صف اوّل کے دس ممالک میں شامل رہا ہے۔

۲۔ پاکستان موسمیاتی تبدیلی ایکٹ، ۲۰۱۷ء موسمیاتی اُمور کے نظم و نسق کے لیے ایک مربوط قانونی اور ادارہ جاتی ڈھانچہ فراہم کرنے کی غرض کے لیے مرتب کیا گیا تھا، جس میں پاکستان موسمیاتی تبدیلی کونسل اور پاکستان موسمیاتی تبدیلی اتھارٹی (PCCA) شامل ہے۔ اسی طرح موسمیاتی تبدیلی اتھارٹی ۲۰۲۴ء میں قائم کی گئی تھی۔ تاہم، اس قانون پر دوران اطلاق، وزارت موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ربط دہی (MOCC & EC) اور پاکستان موسمیاتی تبدیلی اتھارٹی (PCCA) کے درمیان کارہائے منصبی میں، بالخصوص پالیسی سازی، ربط دہی اور اطلاق کے شعبہ جات میں باہمی مداخلت اور تکرار کار کا مشاہدہ کیا گیا۔

۳۔ مزید برآں، پاکستان کلیدی بین الاقوامی ماحولیاتی معاہدات کا بھی فریق ہے، اس میں اقوام متحدہ کا موسمیاتی تبدیلی سے متعلق فریم ورک کنونشن (UNFCCC)، کیوٹو سمجھوتے اور پیرس اقرارنامہ شامل ہے، جن کی پاکستان نے توثیق کر رکھی ہے۔ وزارت موسمیاتی تبدیلی (MOCC & EC) حیاتیاتی تنوع، صحرائی بنجر پن اور مستحکم ترقی سے متعلق دیگر اہم عالمی فریم ورک کے ضمن میں بھی سرگرم ہے۔ ان میں بین الاقوامی پاسداریوں کو موثر طور پر نافذ کرنے، رپورٹنگ اور ان کی تعمیل کے امر کو یقینی بنانے کے لیے ایک جامع ادارہ جاتی نظام کی ضرورت ہے۔

۴۔ مذکورہ بالا اُمور کی روشنی میں، مجوزہ ترامیم کا مقصد واضح طور وزارت موسمیاتی تبدیلی (MOCC & EC) اور پاکستان موسمیاتی تبدیلی اتھارٹی (PCCA) کے کارہائے منصبی کے تکرار کو ختم کرنا ہے اور ان دونوں کے درمیان کارہائے منصبی و فرائض کا واضح طور پر تعین کرتے ہوئے حسب ذیل اُمور کے امر کو یقینی بنانا ہے:

(اوّل) پالیسی سازی، رابطہ کاری اور بین الاقوامی نمائندگی کے حوالے سے متعلقہ ڈویژن کے مرکزی کردار میں وضاحت ہوگی اور فرائض منصبی کے تکرار کار سے بھی اجتناب کیا جاسکے گا۔

(دوم) پاکستان موسمیاتی تبدیلی اتھارٹی (PCCA) کی بطور ایک تکنیکی، مشاورتی اور عملدرآمد معاون ادارہ از سر نو تشکیل کرنا؛

(سوم) غیر ضروری امور کو ختم کرنا اور فرائض منصبی کو مربوط کرنا تاکہ ادارہ جاتی کارکو مؤثر بنایا جاسکے؛

(چہارم) صوبوں اور دیگر متعلقہ دلچسپی رکھنے والے فریقین کے ساتھ اشتراک کو مستحکم کرنا؛ اور

(پنجم) پاکستان موسمیاتی تبدیلی اتھارٹی (PCCA) کے اراکین کی تشکیل، اہلیت، اور تقرری کے ضمن میں متعلقہ مہارت کے امر کو یقینی بنانا۔

۵۔ مجوزہ ترامیم ایکٹ ہذا کے نظر ثانی احکامات کے مطابق اتھارٹی کے فرائض منصبی کے کردار کو بھی دوبارہ متعین کریں گی، تاکہ اس کا ارتکاز متعلقہ ڈویژن کو معاونت اور تعاون فراہم کرنے پر مرکوز رہے، اس طرح اختیارات کے امر میں وضاحت ہوگی اور فرائض منصبی کے تکرار کار سے بھی اجتناب کیا جاسکے گا۔

٦۔ لہٰذا، مجوزہ ترامیم کا مقصد ادارہ جاتی کارکردگی کو بہتر بنانا، نظم و نسق میں بہتری لانا، اور پاکستان کو شعبہ موسمیاتی تبدیلی میں اپنی قومی ترجیحات اور بین الاقوامی پاسداریوں کی مؤثر طور پر تعمیل کرنے کے قابل بنانا ہے۔

ڈاکٹر مصدق ملک

وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی

ربط دہی